WWW.NAFSEISLAM.COM

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

آج دولہا بنا شاہ احمد رضا
شاہ احمد رضا شاہ احمد رضا
گلشن پہ فضاء شاہ احمد رضا
بلبل خوشنوا شاہ احمد رضا
تونے جو کچھ کہا شاہِ احمد رضا
وہ ہوا پر ہوا شاہ احمد رضا
دودھ کا دودھ پانی کا پانی کیا
کس نے تیرے سوا شاہ احمد رضا
اہلسنت پہ ہے بارِ احساں ترا
نائب مصطفٰی شاہ احمد رضا
آستانہ ترا چھوڑ جائیں کہاں
تیرے در کے گدا شاہ احمد رضا
مجھ کو جو کچھ ملا تیرے در سے ملا
واہ کیا ہے عطا شاہ احمد رضا
کیا غرض در بدر مارے پھریں
جب ترا در ہے وا شاہ احمد رضا
تیرے مشتاق نادیدہ ہیں سینکڑوں
محو حسنِ لقا شاہ احمد رضا
دوست دشمن کی تھی کچھ نہ ہم کو خبر
تونے ظاہر کیا شاہ احمد رضا

ایک میں کیا ہزاروں ہیں شیدا ترے
بندگانِ خدا شاہ احمد رضا

پوچھے اللہ والوں سے رتبہ ترا
مرحبا مرحبا شاہ احمد رضا

سچ تو یہ ہے کسوٹی ہے ایمان کی
ہے کھرے سے کھرا شاہ احمد رضا

ہم سے کھوٹوں کو پوچھے نہ پوچھے کوئی
پوچھے آقا مرا شاہ احمد رضا

گھگھا گھگھا کر حسد میں مریں
تیرے دشمن سدا شاہ احمد رضا

کوئی منصور اعدا میں ہو کس طرح
شیر شیر خدا شاہ احمد رضا

گل ہزاروں کھلے گلشنِ دہر میں
پھول اعلیٰ کھلا شاہ احمد رضا

کشتیِ عمر گرداب میں ہے پھنسی
اے مرے ناخدا شاہ احمد رضا

کوئی مونس نہ غمخوار وا حسرتا
پار بیڑا لگا شاہ احمد رضا

کام بگڑے سنبھل جائیں دم میں ابھی
گر کرم ہو ترا شاہ احمد رضا

پوچھتے کیا فرشتوں اب حسن عمل

ہے یہاں کیا سوا شاہ احمد رضا

خوف محشر اور ایوبؔ رضوی تجھے

آپ لیں گے بچا شاہ احمد رضا

﴿خلیفہ اعلیٰ حضرت علّامہ سیّد ایوب علی رضوی ﷫﴾